# خبر نامہ

## گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد

خوب سے خوب تر کی جانب گامزن

اگست 2021ء



- جشن آزادی تقریبات
- کورونا ویکسی نیشن سنٹر کا قیام
- ورلڈ پولٹری ایسوسی ایشن سے باہمی اشتراک
- کلین اینڈ گرین پاکستان انڈیکس
- غذائی قلت کے خاتمے کا پروجیکٹ
- احساس سکالرشپ پروگرام

- وزیر اعظم لیپ ٹاپ سکیم
- سنڈیکیٹ اجلاس
- نئے شعبہ جات کا قیام
- بیت المال پاکستان کے ساتھ مفاہمتی یادداشت
- پی ایچ ڈی اسکالرز، امتحانی نتائج
- ایچ ای سی معائنہ ٹیم کا دورہ



## GCUF Ranked at 601-800

THE WORLD UNIVERSITY RANKINGS 2022

by TIMES HIGHER EDUCATION World University Ranking

Ranked **2nd** among All Pakistan Universities

Ranked **1st** among All Punjab Province Universities

*Striving for Excellence*

**Prof. Dr. Shahid Kamal**
Patron in Chief
Vice Chancellor

**Mr. Zeshan Ahmed Khan**
Chief Editor
Public Relation Officer

**Mr. Rizwan Ahmad**
Editor
Protocol Officer

**Mr. Hassan Mahmood**
Designing and Composing
Computer Programmer

شعبہ تعلقاتِ عامہ گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد

## رئیس جامعہ کا پیغام



عصر حاضر میں ملکی اور قومی ترقی بہترین تعلیمی نظام کے ذریعے ہی ممکن ہے۔ اعلی تعلیم اور بہترین تدریسی نظام ایسی بنیادی حقیقتیں ہیں جن کی بدولت میدان علم میں ہم ایک باوقار اور قابل تقلید مقام حاصل کر سکتے ہیں۔ گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد میں ہم لوگ بہترین اساتذہ کی زیر نگرانی اپنی آنے والی نسل کو ایساماحول مہیا کرنے کی کوشش میں لگے ہوئے ہیں، کہ آئندہ ہم اپنی اس نوجوان نسل پر فخر کر سکیں۔ میری یہ کوشش ہے کہ میں گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کو دنیا کی بہترین جامعات میں سے ایک نمایاں مقام دلوا سکوں۔ الحمداللہ گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کا ٹائمز ہائر ایجوکیشن ورلڈ یونیورسٹی رینکنگ میں پنجاب بھر میں پہلے نمبر پر، پاکستان میں دوسرے نمبر پر جبکہ دنیا کی بہترین 601 تا 800 یونیورسٹیز میں شمار ہونا ہمارے لیے باعث اعزاز ہے۔میں امید کرتا ہوں کہ میرے اساتذہ اور میرے طلباء و طالبات اپنی محنت, تحقیقی تجربے، اور تعمیری سوچ سے میرے اس خواب کو سچ کر دیکھائیں گے۔ بہترین تعلیم ایک بہترین نسل کی ضمانت ہے۔ آئیے ہم مل کر تعلیم و تدریس کو تعمیر ملت سے ہم آہنگ کریں۔

پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال
وائس چانسلر
گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد

## ٹائمز ہائر ایجوکیشن ورلڈ یونیورسٹی رینکنگ میں جی سی یونیورسٹی فیصل آباد پنجاب میں پہلے نمبر پر، پاکستان بھر میں دوسرے نمبر پر جبکہ عالمی رینکنگ میں 200 درجوں کی بہتری کے ساتھ نمایاں

وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال کی انتھک اور بہترین انتظامی صلاحیتوں کے نتیجہ میں صرف 2 سال کے عرصہ میں گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد معیار تعلیم میں پنجاب بھر میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے میں کامیاب ہو گئی، جی سی یونیورسٹی نے پاکستان بھر میں دوسری پوزیشن حاصل کی جبکہ عالمی رینکنگ میں گزشتہ سال کی نسبت دو سو درجوں کا سنگ میل عبور کیا، اس طرح وہ 601 تا 800 بہترین یونیورسٹیز کے مدار میں داخل ہو گئی، معروف اور مستند ادارہ ٹائمز ہائر ایجوکیشن ورلڈ یونیورسٹیز رینکنگ کی رپورٹ کے مطابق گزشتہ سال عالمی رینکنگ میں جی سی یونیورسٹی 801 تا 1000 بہترین یونیورسٹیز میں شامل تھی امسال بہتری کی طرف رواں دواں جی سی یونیورسٹی فیصل آباد دنیا کی چھ سو تا آٹھ سو بہترین یونیورسٹیز میں شامل ہو گئی ہے۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال کی طرف سے یونیورسٹی میں اساتذہ و طلباء تناسب، تحقیق کے شعبہ میں بہترین کارکردگی، ریسرچ پروجیکٹ کی تعداد میں اضافہ اور یونیورسٹی میں میرٹ کی بنیاد پر تعیناتیاں، نئے شعبہ جات کا قیام، عارضی ملازمین کی مستقل بنیادوں پر تقرری، طبی سہولیات کی فراہمی سے لے کر یونیورسٹی کے معاملات میں شفافیت لانے کی وجہ سے ایفیلی ایشن ڈیپارٹمنٹ نے پہلے کی نسبت چار گناہ زیادہ مالی استحقام حاصل کیا۔ یہ تمام عوامل مل کر یونیورسٹی کی نئی بہترین رینکنگ کا سبب بنے۔ وزیر اعظم پاکستان کے کلین اینڈ گرین پاکستان انڈیکس کے تحت ہزاروں پودے لگا کر شجر کاری کا ٹارگٹ بھی پورا کیا۔ اس رینکنگ کی وجہ سے نہ صرف پاکستان بلکہ عالمی سطح پر بھی یونیورسٹی کے وقار میں اضافہ ہوا، اس قابل فخر اعزاز پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال کی طرف سے ڈائریکٹر کیو ای سی ڈاکٹر خالد محمود ضیاء،اساتذہ، یونیورسٹی انتظامیہ اور طلباء کو دلی مبارک باد پیش کی گئی۔





## کمشنر فیصل آبادڈویژن ثاقب منان صاحب کا وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال کے ہمراہ گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد میں قائم کورونا ویکسی نیشن سنٹر کا دورہ۔

وائس چانسلر گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال کی خصوصی کوششوں اور محکمہ صحت پنجاب کے تعاون سے گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد میں قائم کورونا ویکسینیشن سنٹر میں جی سی یونیورسٹی فیصل آباد، جی سی ویمن یونیورسٹی فیصل آباداور نیشنل ٹیکسٹائل یونیورسٹی کے ملازمین نے ویکسینیشن لگوائی۔کورونا ویکسینیشن سنٹر میں بہترین خدمات سر انجام دی جا رہی ہیں۔ کمشنر ثاقب منان نے ان خیالات کا اظہار جی سی یو ایف کے کورونا ویکسی نیشن سنٹر کے دورے کے بعد کیا۔اس موقع پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال صاحب نے کمشنر صاحب کا شکریہ ادا کیاجنہوں نے وائس چانسلر صاحب کے کہنے پر جی سی یونیورسٹی کے سٹاف کے لیے کورونا ویکسینیشن سنٹر کو قائم کیاتاکہ کورونا وباء کا مقابلہ کیا جا سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہم اب تعلیمی اداروں کو آباد کر رہے ہیں۔ فیکلٹی، طلبہ اور ملازمین کی صحت ہماری اولین ترجیح ہے۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹربلال صاحب سمیت یونیورسٹی کے ڈینز، ڈائریکٹرز اور رجسٹرار بھی موجود تھے۔ کمشنر صاحب اور ڈی ایچ او ڈاکٹر بلال صاحب نے وزیر اعظم کے گرین پاکستان ویژن کے تحت یونیورسٹی کے احاطہ میں پودے بھی لگائے۔





## ورلڈ پولٹری ایسوسی ایشن وویمن ونگ پاکستان برانچ اور جی سی یونیورسٹی فیصل آباد کا باہمی اشتراک ، دو یاد داشتوں پر دستخط کیے گئے۔



اس موقع پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال کی زیر صدارت ایک تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ تقریب میں صدر پولٹری ایسوسی ایشن وویمن ونگ ڈاکٹر فریحہ طلحہ اور ایگزیکٹو وائس پریذیڈنٹ ڈاکٹر طلحہ خالد احمد نے خصوصی طور پر شرکت کی۔ ڈاکٹر فریحہ طلحہ نے بتایا کہ ایم او یو زکے تحت طلباء کو پولٹری اور نیوٹریشن کے متعلق پریکٹیکل ریسرچ فراہم کرنے کے علاوہ ترقی پذیر ممالک میں انڈے اور گوشت کی پیداوار بڑھانے کے لیے خدمات فراہم کی جا رہی ہیں۔ اس موقع پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال صاحب نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ طلباء کے نصاب میں پولٹری اور نیوٹریشن کے متعلق آگاہی فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ پریکٹیکل ورک پر توجہ دینے کی ضرورت ہے اس مقصد کے لیے یونیورسٹی طلباء اور انڈسٹری کے مابین ایک رابطہ قائم کیا جا رہا ہے تاکہ طلباء فارغ التحصیل ہونے کے بعد انڈسٹری میں اپنی خدمات باہم پہنچا سکیں۔ اس موقع پر ڈین پروفیسر ڈاکٹر صوفیہ انور، رجسٹرار پروفیسر ڈاکٹر نعیم اقبال، پروفیسر ڈاکٹر طیبہ سلطانہ، کنٹرولر امتحانات پروفیسر ڈاکٹر مظہر حیات، فیکلٹی ممبران اورپاکستان پولٹری ایسوسی ایشن کے ممبران کے علاوہ ایگزیکٹو وائس پریذیڈنٹ پولٹری ایسوسی ایشن وویمن ونگ پاکستان اور چیئر پرسن نیوٹریشن ڈیپارٹمنٹ جی سی یونیورسٹی فیصل آباد ڈاکٹر مہرالنساء بھی موجود تھیں








## وائس چانسلر گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال صاحب اور ڈپٹی کمشنر فیصل آباد محمد علی صاحب جی سی یونیورسٹی فیصل آباد میں کلین اینڈ گرین پاکستان انڈیکس کے تحت شجر کاری مہم کا آغاز کر رہے ہیں۔

اس موقع پر ڈسٹرکٹ ایڈمینسٹریشن اور یونیورسٹی کے فیکلٹی ممبران نے بھی شجر کاری مہم کے تحت پودے لگائے۔ڈاکٹر ندیم سہیل ڈائریکٹر نظامت امور طلباء نے معزز مہمانوں کو خوش آمدید کہا۔ ڈین پروفیسر ڈاکٹر عاصم محمود، پروفیسر ڈاکٹر صوفیہ انور کے علاوہ پروفیسر ڈاکٹر طیبہ سلطانہ، ڈاکٹر محمد شیراز، ڈاکٹر ندیم صابر اور ذیشان احمد خان پبلک ریلیشن آفیسر اس موقع پر موجود تھے۔



## جی سی یونیورسٹی فیصل آباد کورونا وباء کے پس منظر میں گین اور فلاحی اداروں کے اشتراک سے غذائی قلت کے خاتمے کے پروجیکٹ پر کام کررہی ہے۔

چوبیس ملین کے اس پروجیکٹ میں فلور ملز اور فلاحی تنظیموں کی مدد سے کورونا وباء کی وجہ سے پیدا ہونے والے غذائی قلت کے مسائل کو حل کیا جائے گا۔ یہ پروجیکٹ پنجاب کے مختلف شہروں میں بیک وقت شروع کیا گیا ہے جس میں لاہور، فیصل آباد، گوجرانوالہ، ملتان، راولپنڈی، اسلام آباد شامل ہیں۔ اس پروجیکٹ کی تمام فنڈنگ بین الاقوامی ادارہ گلوبل الائینس فار امپرووڈ نیوٹریشن کر رہا ہے۔ یہ پروجیکٹ ملک میں غذا کی قلت کو پورا کرنے میں بڑا قدم ثابت ہو گا۔ اس پروجیکٹ میں سرکاری اور نیم سرکاری فلاحی تنظیمیں جس میں سیلانی ٹرسٹ، اللہ والے ٹرسٹ، احساس لنگر خانہ اور انڈسٹریل لنگر جیسے ادارے شامل ہیں۔ ان تنظیموں کی معاونت سے حقدار افراد تک خوراک کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا۔ وائس چانسلر جی سی یونیورسٹی فیصل آباد پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال نے پروجیکٹ کے انچارج ڈاکٹر عمیر ارشد اور ان کی ٹیم کی کوششوں کو سراہا۔











## وائس چانسلر گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال، وزیراعظم احساس پروگرام برائے انڈر گریجوایٹ کے تحت طلباء اور طالبات میں چیک تقسیم کر رہے ہیں۔

اس پروگرام کے تحت انڈر گریجوایٹ پروگرام کے ہر سمسٹر میں سے منتخب طلبہ کی مکمل فیس ادا کی جائے گی اور نمایاں پوزیشن لینے والوں کو وظیفے بھی دیئے جائیں گے، اس سلسلے میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مہمان خصوصی وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال کا کہنا تھا کہ ہائر ایجوکیشن کے تعاون سے دیئے گئے اس سکالرشپ کی وجہ سے مستحق طلباء کو اپنی تعلیم جاری رکھنے میں کوئی مالی مشکل پیش نہیں آئے گی، اس طرح وہ بخوبی اپنی تعلیم کو جاری رکھ سکیں گے، اس موقع پر پروفیسر ڈاکٹر صوفیہ انور، رجسٹرار پروفیسر ڈاکٹر نعیم اقبال، پروفیسر ڈاکٹر سلمہ سلطانہ،پروفیسر ڈاکٹر زاہد محمود اور انچارج سٹوڈنٹس فنانشل ایڈ پروگرام صائمہ پروین بھی موجود تھیں۔





## جی سی یونیورسٹی فیصل آباد اور بیت المال پاکستان کے مابین مستحق طلبہ میں تعلیمی وظائف کے حوالے سے مفاہمتی یاداشت پر دستخط۔

اقبال ہال میں منعقدہ تقریب کے مہمان خصوصی ملک ظہیر عباس کھوکھر ایم ڈی پاکستان بیت المال، مولانا بشیر احمد فاروقی چیئرمین سیلانی ٹرسٹ آف پاکستان اور فیض اللہ کموکا ایم این اے تھے۔وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال اور ایم ڈی بیت المال پاکستان ملک ظہیر عباس کھوکھر نے مفاہمی یاداشت پر دستخط کیے۔ پاکستان بیت المال جی سی یونیورسٹی فیصل آباد کے 50 پوسٹ گریجوایٹ اور 50 انڈر گریجوایٹ مستحق طلباء و طالبات کو حصول تعلیم کے لیے تعلیمی وظائف فراہم کرے گا۔ اس موقع پر پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ حکومت پاکستان کی طرف سے مستحق طلباء اور طالبات میں وظائف کی منصفانہ تقسیم ایک احسن اقدام ہے جس سے مستحق طلباء اور طالبات بھی تعلیمی میدان میں اپنی صلاحیتوں کا بھرپور مظاہرہ کر سکیں گے۔ایم ڈی پاکستان بیت المال ملک ظہیر عباس کھوکھر کا کہنا تھا کہ وزیر اعظم پاکستان جناب عمران خان کے ویژن کے مطابق نا صرف طلباء و طالبات میں وظائف کی تقسیم بلکہ صحت کے شعبہ میں مستحق گھرانوں کا مفت علاج، احساس پروگرام کے مطابق لنگرخانوں اور پناہ گاہوں کا قیام بھی عمل میں لایا گیا ہے۔جس سے غریب اور محنت کش طبقے کو معاشرے کے برابر کھڑا کرنے میں مدد ملے گی۔تقریب کے آخر پر ہارٹ سیور فاؤنڈیشن فیصل آباد انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی کی طرف سے سپیشل طلباء و طالبات میں ویل چیئرز بھی تقسیم کی گئیں۔تقریب میں یونیورسٹی کے ڈینز، ڈاریکٹرز اور بیت المال پنجاب کے معزز ممبران نے شرکت کی۔تقریب کی میزبان پروفیسر ڈاکٹر زاہرہ بتول چیئر پرسن ڈیپارٹمنٹ آف سوشیالوجی نے معزز مہمانان گرامی کی آمد پر ان کا شکریہ ادا کیا۔





وائس چانسلر گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال اور کنٹرولر امتحانات پروفیسر ڈاکٹر مظہر حیات دوسرے سالانہ امتحانات2020ء برائے ایسوسی ایٹ ڈگری نتائج کا اعلان کر رہے ہیں۔





## گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد میں جولائی اور اگست کے دوران 15 پی ایچ ڈی سکالرز کی ڈاکٹریٹ مکمل

ان سکالرز میں نئیر اسلام شعبہ فارماسوٹکس، تبسم حسین شعبہ اپلائیڈ کیمسٹری، ارسلان اشفاق شعبہ فزکس، فرقان اشرف شعبہ سوشیالوجی، صدف اکرم شعبہ سوشیالوجی، محمد آصف شعبہ اپلائیڈ کیمسٹری، نعمان صدیقی شعبہ ریاضی، شاہد حسین شعبہ اپلائیڈ کیمسٹری، امجد علی شعبہ کیمسٹری، عروسہ خالد شعبہ بزنس ایڈمینسٹریشن، تبسم رضا شعبہ اسلامیات، ندیم نذیر شعبہ بزنس ایڈ مینسٹریشن، محمد ندیم سعید شعبہ تاریخ، رفعت یاسمین شعبہ مائیکرو بیالوجی اور فائزہ منظور شعبہ فوڈ اینڈ نیوٹریشن نے اپنے پی ایچ ڈی ریسرچ تھیسز کا کامیابی سے دفاع کیا اور کامیاب ٹھہرے۔





## گونمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد میں وزیر اعظم لیپ ٹاپ سکیم کے تحت خصوصی طلبہ و طالبات میں لیپ ٹاپ تقسیم کیے گئے۔

خصوصی طلبہ و طالبات نے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال سے لیپ ٹاپ وصول کیے۔ اس موقع پر وائس چانسلر نے اپنی معذوری کو کمزوری نہ بنانے اور معاشرے میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوانے پر خصوصی طلبہ کو خراجِ تحسین پیش کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ خصوصی طلبہ میں لیپ ٹاپ جہاں ان کے تعلیمی عمل میں مددگار ثابت ہو گا وہیں پر ان کے لیے روزگار کے نئے مواقع بھی پیدا کرنے کا سبب بنے گا۔ وزیر اعظم لیپ ٹاپ سکیم کے تحت مختلف شعبہ جات سے تعلق رکھنے والے 114 طلبہ و طالبات میں لیپ ٹاپ تقسیم کیے گئے۔ اس موقع پر پروفیسر ڈاکٹر فرحت جبین، پروفیسر ڈاکٹر ہمایوں عباس، ڈاکٹر حسیب انور اور نظامتِ امورِ طلبہ کے ناظم ڈاکٹر ندیم سہیل بھی وائس چانسلر کے ہمراہ تھے۔

## وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد میں سینڈیکیٹ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

ریسرچ فنڈ کا قیام، یونیورسٹی کی رینکنگ میں بہتری اور ایفیلی ایشن کی مد میں خاطر خواہ اضافہ پر وائس چانسلر کو خراجِ تحسین پیش کیا گیا۔















## جشنِ آزادی مشاعرہ

نظامتِ امورِ طلبہ گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے زیرِ اہتمام رائٹرز کلب جی سی یو ایف نے 9 اگست کو جشنِ آزادی مشاعرے کا اہتمام کیا جس کی صدارت ملک کے نامور شاعر جناب مقصود وفا صاحب نے کی جبکہ ان کے علاوہ فیصل ہاشمی, ندیم ناجد, ڈاکٹر طارق ہاشمی, ارشد عزیز, محمود رضا سید اور کئی دیگر نامور شعرا نے اپنا کلام عطا کیا. ناظم امورِ طلبا ڈاکٹر ندیم سہیل اور انچارج رائٹرز کلب ڈاکٹر سعید احمد نے تمام مہمانانِ گرامی کا شکریہ ادا کیا اور انہیں خوش آمدید کہا۔







## جی سی یونیورسٹی فیصل آباد میں کشمیریوں کے ساتھ اظہار یکجہتی

ڈائریکٹوریٹ سٹوڈنٹ آفیئر کے زیر اہتمام کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کے لیے ایک احتجاجی ریلی کا انعقاد کیا گیا جس میں طلباء اور طلبات کی ایک کثیر تعداد نے شرکت کی۔ ریلی کے شرکاء نے بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جس کے اوپر بھارت کی طرف سے غاصبانہ قبضے کی بھرپور مذمت کی گئی۔ وائس چانسلر گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال نے یومِ کشمیر کے حوالے سے اپنے خصوصی پیغام میں کہا کہ جنوبی ایشاء میں پائیدار امن اور استحقام کے لیے تنازعہ کشمیر کا حل ضروری ہے۔ ہم اس وقت تک آواز اٹھاتے رہیں گے جب تک ہمارے کشمیری بہن بھائیوں کو ان کا حق نہیں مل جاتا۔ عالمی برادری کو چاہیئے کہ بھارت کو انسانی حقوق کی خلاف ورزیاں روکنے اور غیر قانونی اقدامات واپس لینے پر مجبور کرے۔



## گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد میں نئے شعبوں کا قیام اور نئی ذمہ داریاں

اس ضمن میں فزکس ڈیپارٹمنٹ کے پروفیسر ڈاکٹر ناصر امین کو ایکٹنگ ڈین فیکلٹی آف فزیکل سائنسز، شعبہ میڈیکل سائنسز کے پروفیسر ڈاکٹر عابد رشید کو ایکٹنگ ڈین فیکلٹی آف میڈیکل سائنسز، پروفیسر ڈاکٹر فرحت جبین کو ایکٹنگ ڈین فیکلٹی آف لائف سائنسز، پروفیسر ڈاکٹر غلام شمس الرحمن کو ایکٹنگ ڈین فیکلٹی آف اسلامک اینڈ اورینٹل لرننگ، پروفیسر ڈاکٹر ہمایوں عباس کو پرنسپل کالج آف اورینٹل لائیگوایج کے ساتھ ساتھ رحمت اللعلمین چیئر کا انچارج بھی لگایا گیا ہے، اکنامکس ڈیپارٹمنٹ کے پروفیسر ڈاکٹر حضور محمد صابر کو ڈائریکٹر ڈائریکٹوریٹ آف ایڈوانس سٹڈیز تعینات کیا گیا ہے۔ ڈاکٹر عبدالقادر مشتاق کو چیئرمین ڈیپارٹمنٹ آف پاک سٹڈیز، ڈاکٹر شیر علی کو چیئرمین ڈیپارٹمنٹ آف اسلامک سٹڈیز، ڈاکٹر غلام مصطفے کو انچارج ڈیپارٹمنٹ آف انٹرنیشنل ریلیشن، ڈاکٹر حسیب انور چیئرمین ڈیپارٹمنٹ آف فزیالوجی، ڈاکٹر سلیم اسماعیل انچارج شعبہ عربی، ڈاکٹر شہزاد علی شاہد کو ڈائریکٹر انٹرنیشنل لینگیج اور شعبہ اردو کے ڈاکٹر محمد آصف اعوان کو انچارج علامہ اقبال چیئر کی اضافی ذمہ داری سونپی گئی ہے۔

## ہائر ایجوکیشن کمیشن کی معائنہ ٹیم کا جی سی یونیورسٹی فیصل آباد کا تین روزہ دورہ۔











# گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد میں جشن آزادی کے حوالے سے ایک پر وقار تقریب کا انعقاد



گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد میں جشن آزادی کو روائتی جوش وجذبے سے منایا گیا اس موقع کی مناسبت سے عمارتوں کو برقی قمقوں سے سجایا گیا پرچم کشائی کی تقریب کا انعقاد نیو کیمپس میں قائد اعظم آڈیٹوریم کے سامنے کیا گیا تقریب کے مہمان خصوصی وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال تھے جبکہ مہمانان گرامی میں ممبرز صوبائی اسمبلی جناب شکیل شاہد،جناب میاں وارث عزیز شامل تھے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال نے مہمانان گرامی کے ساتھ پرچم کشائی کی اور شہداء کی یاد میں ایک منٹ کی خاموشی اختیار کی گئ پرچم کشائی کے ساتھ قومی ترانہ پڑھا گیا۔ یونیورسٹی گارڈز نے پرچم کو سلامی پیش کی۔ اس موقع پر شجر کاری مہم کا آغاز رئیس جامعہ پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال اور ممبران صوبائی اسمبلی اور اساتذہ نے ملکر کیا۔ آخر میں ملک پاکستان کی سالمیت اور استحکام کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔ تقریب میں اساتذہ، طلبہ اور انتظامی افسران شریک ہوئے۔

















